# The Gujranwala Chamber of Commerce & Industry

## گوجرانوالہ ایوانِ صنعت و تجارت

1478

Since 1978

Chamber Plaza, Aiwan-e-Tijarat Road, Gujranwala-Pakistan.

مجلس عاملہ کا اجلاس منعقدہ 14 ستمبر 2023ء

کی حاضری

| | | |
|---|---|---|
| 1- | جناب ضیاء الحق | میسرز عمر فینسی اینڈ بوتیک شاپ نمبر 10 جناح بازار گوجرانوالہ |
| 2- | جناب حمیس گلزار | میسرز جی ایچ ایم پرائیویٹ لمیٹڈ طیبہ روڈ باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| 3- | جناب عادل ندیم | میسرز فجر ٹریڈنگ بلمقابل ڈاکٹر نواز گھمن گل روڈ گوجرانوالہ |
| 4- | جناب آفاق ایوب | میسرز سروس یونٹ (ایچ۔ایم عبداللہ اینڈ سنز' حافظ آباد روڈ گوجرانوالہ |
| 5- | جناب وقاص افضل | میسرز زیڈ اینڈ زیڈ سپورٹس ویئر نیریو۔بی۔ایل شاہین آباد جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 6- | جناب محمد عمران | میسرز فرحان سلک فیکٹری رتہ روڈ فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 7- | جناب ارسلان یوسف | میسرز سپر ماسٹر سرامکس ٹرالیاں والہ گلہ عقب ایوب بیرنگ انڈسٹری اٹاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 8- | جناب علی نواز خان | میسرز خان سلک فیکٹری نزد ٹالی قبرستان فرید ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 9- | جناب ساجد لطیف بٹ | میسرز ساجد میٹل ورکس باجوہ روڈ فیکٹری نمبر 80 گوجرانوالہ |
| 10- | جناب احسن محمود | میسرز عظمت پولیمرز 16-B سمال انڈسٹری اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| 11- | جناب نعیم آصف | میسرز نعیم آصف الیکٹریکل انڈسٹری شاپ نمبر 130 بزار خراداں والا گوجرانوالہ |
| 12- | جناب محمد افضل | میسرز ملک افضل میٹل سکریپ مین شیخوپورہ روڈ بلمقابل بینک نزد باجوہ روڈ گوجرانوالہ |
| 13- | جناب ہشام جاوید | میسرز جے۔ایس۔کے میٹلز نزد سٹار سرامکس بلمقابل سپر سٹار فلنگ سٹیشن چاند آٹو اٹاوہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 14- | جناب محمد ارشد | میسرز سلور سٹار میٹل کچن ویئر انڈسٹری مین شیخوپورہ گلزار کالونی عقب کھیالی پیپر بورڈ گوجرانوالہ |
| 15- | جناب عمیر پرویز | میسرز نیو ایشیاء وولن ملز 176اے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ نمبر 1 گوجرانوالہ |
| 16- | جناب خالد تنویر | میسرز امان فلور ملز ڈھکی سندر سنگھ نزد اعوان چوک گوجرانوالہ |
| 17- | جناب شیخ محمد نعیم | میسرز ملٹی سٹیل انٹرپرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ 3-B/247 نزد دھوبی گھاٹ گراؤنڈ سیٹلائیٹ ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 18- | جناب عثمان یونس قریشی | میسرز افنان ایمپکس 36 یاسر کلاتھ مارکیٹ بنک سکوائر گوجرانوالہ |
| 19- | جناب اختر علی خان | میسرز قومی ٹریول پرائیویٹ لمیٹڈ 48 جناح سٹیڈیم سول لائنز گوجرانوالہ |
| 20- | جناب عرفات اکرام | میسرز جلال ٹیکسٹائل انڈسٹری نزد مورا ایمن آباد عقب اکرام رائس ملز جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |
| 21- | جناب ظفر اقبال ڈار | میسرز یو ایس سٹیل سنٹر نزد امرتسر انجینئرنگ کوگوندانوالہ روڈ گوجرانوالہ |
| 22- | جناب قمر سہیل | میسرز انصاری ٹریڈرز نیلم کلاتھ مارکیٹ گلی قصاباں گوجرانوالہ |
| 23- | جناب جواد احمد بٹ | میسرز شجاع سٹین لیس سٹیل انڈسٹری گلہ گوگا پہلوان نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ |
| 24- | جناب محمد اسلم | میسرز اسلم اینڈ برادرز 82 بی ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ |
| 25- | جناب خواجہ عمر فاروق | میسرز خواجہ انٹرپرائز 6 مین سول لائنز گوجرانوالہ |
| 26- | جناب فرحان سعید بھٹی | میسرز فرحان ٹریڈرز نزد بکر منڈی گلہ وقاص میٹل ورکس گوجرانوالہ |
| 27- | محترمہ درخشاں عمران | میسرز ارتکاز ٹریول اینڈ ٹور پرائیویٹ لمیٹڈ سیکنڈ فلور اظہر پلازہ بینک الحبیب جی ٹی روڈ گوجرانوالہ |

محمد برہان

سیکریٹری جنرل

"Non-Profit Organization Status till 30-06-2024"

www.gcci.org.pk gcci.org GcciTweet gcci@gcci.org.pk - gccipool@gmail.com +92-300-0222693
Gujranwalachamberofcommerceindustrygcci thegcci +92-55-9200391-4 (4 Lines) +92-55-9200389

مجلس عاملہ کا اجلاس صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس جناب ضیاء الحق کی زیر صدارت مورخہ 14 ستمبر 2023ء کو چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل ایجنڈے پر کاروائی کی گئی۔

1- تلاوت قرآن پاک۔

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت جناب فرحان سعید بھٹی نے حاصل کی۔

2- درود پاک کی خاموش تلاوت۔

تلاوت کلام پاک کے بعد تمام حاضرین نے دورد پاک کی خاموش تلاوت کی۔

3- درخواست برائے معذرت۔

صدر جناب ضیاء الحق نے درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئی ہے۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ محترمہ ثناء صادق، جناب شاہد الرحمان، جناب عطاء فرید، جناب محمد شعیب بٹ کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئیں ہیں۔اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا منظور کرلیا۔

4- گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی کاروائی (مورخہ 24 جون 2023ء) کی منظوری

صدر جناب ضیاء الحق نے گزشتہ اجلاس کی کاروائی کا ایجنڈا ہاؤس میں پیش کیا۔جناب آفاق ایوب نے کہا کہ گزشتہ اجلاس میں کچھ معاملات کے اختیارات آپ نے اپنے ہاتھ میں لے لئے تھے ان کے حوالے سے ہاؤس کو آگاہ نہیں کیا گیا کہ اس حوالے سے کوئی کمیٹی بنی یا نہیں بنی۔صدر جناب ضیاء الحق نے سیکریٹری جنرل کو ہدایت کی کہ وہ اس کے متعلق ہاؤس کو آگاہ کریں۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ گزشتہ اجلاس میں ٹیکس ایشوز سے متعلق ایک کمیٹی تشکیل دینے کے اختیارات اپنے پاس لئے تھے جس پر بعد از اجلاس کمیٹی بنا دی گئی تھی اور متعلقہ افراد کو آگاہ کر دیا گیا تھا۔جناب آفاق ایوب نے استفسار کیا کہ گزشتہ اجلاس کب ہوا تھا۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ جون میں اجلاس ہوا تھا جس پر جناب آفاق ایوب نے کہا کہ جن کے مسائل تھے اور جن کیلئے کمیٹی بنانے کیلئے کہا گیا تھا ان کے مسائل کے تو چہلم بھی ہو چکے ہیں اور اس حوالے سے تشکیل کردہ کمیٹی کے متعلق آگاہ نہیں کیا گیا۔

سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ دوسری کمیٹی چیمبر کا پرانا ممبر شپ ریکارڈ تلف کرنے یا نہ کرنے کیلئے تشکیل دی گئی تھی اس کے حوالے سے میٹنگ ہوئی تھی جس پر احسن محمود وضاحت کریں گے۔جناب احسن محمود نے کہا کہ اس حوالے سے پیش رفت ہوئی تھی لیکن چونکہ ہاؤس میں موجود کچھ ایگزیکٹو ممبران بشمول آفاق ایوب کو بھی تحفظات تھے کہ یہ فیصلہ کیا گیا کہ ہاؤس کے اجلاس میں ان کی آراء کو بھی سن لیا جائے۔جناب آفاق ایوب نے پوچھا کہ یہ ریکارڈ کس طرح کا ہے آگاہ کیا جائے۔سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ تقریباً 15 سو کے قریب ممبر کلاس اور ایسوسی ایٹ کلاس کی سیزڈ (Ceased) فائلیں موجود ہیں اور پچھلے 15 سے بیس سال کے کے درمیان کسی بھی ممبر نے فائل ری سٹور کرنے کے لئے رابطہ نہیں کیا۔اسی طرح کچھ مینول رسید بکس، اکاؤنٹس ڈیپارٹمنٹ کے پرانے کھاتے ورجسٹرز موجود ہیں۔جناب آفاق ایوب نے کہا کہ اگر آپ کے پاس سپیس کنسٹرینٹس ہیں تو ایسے ریکارڈ کو تلف کرنے سے قبل سافٹ فارم میں سیو کرلیا جائے تاکہ سند رہے۔

صدر جناب ضیاء الحق نے سیکریٹری جنرل کو ہدایت کی کہ کمیٹی کے ساتھ مل کر تمام ریکارڈ کو اچھے سے چیک کر لیا جائے اور آنے والے وقت میں اس کے متعلق فیصلہ کیا جائے گا۔ جناب وقاص افضل نے کہا کہ انکیوبیشن سنٹر بنانے کے حوالے سے بھی کچھ اختیارات کی بات ہوئی تھی۔ اس حوالے سے نہ تو ہاؤس میں کوئی بات کی جارہی ہے اور نہ اس حوالے سے پیش رفت کے متعلق آگاہ نہیں کیا جارہا۔ ہاؤس کو ربر سٹیمپ کے طور پر استعمال نہ کیا جائے جو بھی بات ہو ہاؤس میں ضرور ڈسکس کریں اس طرح ہاؤس کی ڈگنٹی اور سیلف ریسپکٹ کمپرومائز ہوتی ہے۔ لہٰذا گزارش ہے کہ کسی کو شامل نہ کرنے کی بجائے کم از کم اس طرح کی اسائنمنٹ کسی کی ذمہ داری لگا دی جائے۔

صدر جناب ضیاء الحق نے سیکریٹری جنرل کو کہا کہ اس حوالے سے آگاہ کریں۔ جناب سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ گوجرانوالہ چیمبر نے فیزیکل انفراسٹرکچر اور آر اینڈ ڈی سیل کی اسٹیبلشمنٹ کیلئے ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کو 94 ملین روپے کی لاگت کے پراجیکٹ کیلئے پروپوزل سمٹ کیا تھا جس کے مطابق چیمبر میں آر اینڈ ڈی سیل کیلئے درکار انفراسٹرکچر، ہیومن ریسورس کی ہائرنگ اور آئی ٹی ایکوپمنٹ کی خرید شامل تھی۔ جناب جمیس گلزار نے بتایا کہ EDF ایگزیکٹیو ڈائریکٹر عباس مہدی، ریجنل چیف پنجاب سمیڈا اور ڈائریکٹر ٹیڈیپ خالد رسول کے ساتھ چیمبر میں میٹنگ ہوئی جس پر انہوں نے یہ واضح کیا تھا کہ پروپوزل میں انفراسٹرکچر کیلئے زیادہ جبکہ ہیومن ریسورس کے لئے کم فنڈنگ مانگی گئی ہے جبکہ EDF انفراسٹکچر کی بجائے ہیومن ریسورس پر انوسٹمنٹ کرنے کو تیار ہے۔ لہٰذا یہ پروپوزل ریوائز کی جائے۔

جناب وقاص افضل نے کہا کہ چیمبر کو سرائے نہ بنایا جائے چونکہ کارپوریشن بڑے بڑے انفراسٹکچر سے شروع نہیں ہوتی ہماری کوششیں میٹر نہیں کرتیں اگر گولز ہی نہ ہوں اس لئے آپ کو ریسپی چینج کرنا پڑے گی۔ آپ لوگ Volunteer کریں ٹیم بنائیں اور آؤٹ آف دی پاکٹ ایکسپنڈیچر کریں ویسے بھی سیکریٹری کا تجربہ ایڈمنسٹریشن کا ہے لہٰذا EDF کے پروپوزلز کیلئے کسی ٹیکنیکل کنسلٹنٹ کی خدمات حاصل کی جائیں۔ سیکریٹری جنرل نے بتایا کہ اس پروپوزل کو تیار کرنے کیلئے چیمبر کے کنسلٹنٹ جناب عرفان ربانی نے کام کیا تھا۔ صدر جناب ضیاء الحق نے جمیس گلزار سے کہا کہ آپ اس معاملہ کو خود بھی دیکھ لیں۔

جناب فرحان سعید بھٹی نے کہا کہ میٹل سکریپ بڑا سیکٹر ہے لین دین کے معاملات کی پریشانی ہوتی ہے لہٰذا اس پر بھی کمیٹی بنائی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سٹینڈنگ کمیٹیاں بنتی ہیں لوگ لیٹر لیجاتے لیکن کارکردگی کیا کی ہے کسی کو کوئی خبر نہیں۔ ایک دو ماہ ان کی کارکردگی دیکھنی چاہیئے اگر کوئی کارکردگی نہیں تو ان کی کمیٹیاں ختم کر دینی چاہیئے۔ اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور پر گزشتہ مجلس عاملہ کے اجلاس کی منظوری دے دی۔

**5- آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ مئی، جون، جولائی اور اگست 2023ء (لف ہے)**

صدر جناب ضیاء الحق نے آمدن واخراجات کی منظوری برائے ماہ مئی، جون، جولائی اور اگست 2023ء کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر آمدن واخرجات کی منظوری دے دی۔

**6- رکنیت کیلئے موصولہ درخواستوں کی منظوری**

صدر جناب ضیاء الحق نے رکنیت کیلئے ایسوسی ایٹ اور کارپوریٹ کلاسز کی موصول ہونے والی نئی ممبر شپ کی درخواستیں منظوری کیلئے ایوان میں پیش کیں ہاؤس نے متفقہ طور پر ممبر شپ کیلئے موصول ہونے والی درخواستوں کو منظور کر لیا۔

**7- دیگر امور**

صدر جناب ضیاء الحق نے دیگر امور کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب نعیم آصف نے کہا کہ چیمبر کے مشرق میں واقعہ KFC اور اس سے ملحقہ اور جی بی سی کے عقب میں جی ڈی اے کا تقریباً 2 کنال 18 مرلہ کا پلاٹ موجود ہے جو کہ وہ 33 سالہ لیز پر دے رہے ہیں لہٰذا چیمبر آف کامرس نے دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے جی ڈی اے کو اس جگہ کی لیز کیلئے لکھ دیا ہے میں اس معاملہ کو دیکھ رہا ہوں۔ ہاؤس سے درخواست ہے کہ اپنی رائے دیں کہ ہم اس جگہ پر کون سا پراجیکٹ کر سکتے ہیں۔ اس جگہ کو بھی مختلف امور جیسے انکیوبیشن سنٹر و پارکنگ پلازہ وغیرہ کیلئے بھی استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میری خواہش ہے کہ ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک ڈیلی گیشن بیرون ملک ترتیب دیا جائے۔ جناب شیخ ارشد نے کہا کہ ماضی کی روایت کے مطابق اس دفعہ ہماری میٹنگ نہیں ہو سکی یہ میٹنگ کب شیڈول کی جائے گی۔ جناب قمر دلبر نے کہا کہ جناب نعیم آصف کی بات کی تائید کرتا ہوں کہ ایگزیکٹو کا ڈیلی گیشن ضرور ترتیب دینا چاہیئے۔

جناب وقاص افضل نے کہا کہ چیمبر نے جو لیز کیلئے جگہ لینے کیلئے لیٹر لکھا ہے اس حوالے سے اس کی ٹیکنیکل اور فنانشل پروپوزلز بنا کر ہاؤس میں پیش کی جائے۔

اس کے بعد کوئی اور امور زیر بحث نہ تھے صدر جناب ضیاء الحق نے جناب قمر دلبر کو دعائے خیر کرانے کیلئے کہا۔ دعائے خیر کے بعد اجلاس صدر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اختتام پذیر ہو گیا۔

برہان

سیکریٹری جنرل